نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

6 اگست 2010ء

برائے فوری اجراء

409/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

حقائق نامہ

پاکستان میں سیلاب کی تباہ کاریوں پر امریکہ کا ردعمل

امریکہ نے 29 جولائی کو آنے والے المناک اور تباہ کن سیلاب کے بعد پاکستان کی جانب سے امداد کی اپیل پر اپنے فوری اور فراخدلانہ ردعمل کا اظہار کیا۔ ہمارا ردعمل ہماری انسانی اقدار اور پاکستان کے ساتھ ہماری گہری وابستگی سے ہم آہنگ ہے۔ پاکستان کیلئے امریکی امداد میں مالی اعانت اور ضروری اشیاء کی فوری سپلائی کے علاوہ وہ خدمات بھی شامل ہیں جو امریکہ کی منفرد صلاحیتوں کی مرہون منت ہے۔

تازہ ترین پیش رفت:

۔ پشاور میں ہنگامی امدادی سامان کی آمد بدستور جاری ہے اور اُنہیں پاکستان ڈیزاسٹر مینیجمنٹ اتھارٹی کے حوالہ کر دیا گیا ہے۔ اب تک فراہم کئے گئے سامان میں مجموعی طور پر زندگی بچانے والی 18 زوڈیئک کشتیاں، 6 واٹر فلٹریشن یونٹس، 10 پانی محفوظ کرنے کے بڑے مشکیزے اور کنکریٹ کاٹنے کے 30 آرے شامل ہیں جن کی مالیت 746,000 ڈالر ہے۔

۔ چھ امریکی فوجی ہیلی کاپٹروں نے 5 اگست کو انسانی بنیادوں پر امدادی کارروائیاں شروع کیں لیکن خراب موسم کے باعث اُنہیں روک دیا گیا۔ اُنھوں نے پہلے روز کالام میں پھنسے ہوئے 800 سے زیادہ لوگوں کو خوازہ خیلہ پہنچایا اور 66,000 پاؤنڈ وزنی اشیاء متاثرہ علاقوں میں پہنچائیں۔ اگر موسم نے اجازت دی تو چار شینوک اور دو بلیک ہاک ہیلی کاپٹروں پروگرام کے مطابق مزید پروازیں کریں گے۔

امریکہ کی اب تک کی اعانت:

۔ امریکہ کی جانب سے سیلاب سے متاثر ہونے والی آبادیوں کی مدد کیلئے اب تک کل مالی امداد کا حجم 35 ملین ڈالر سے زیادہ ہو گیا ہے۔ یو ایس ایڈ بین الاقوامی تنظیموں اور مستند پاکستانی این جی اوز کے ذریعے یہ رقوم سیلاب سے بے گھر ہونے والے لوگوں کو خوراک، صحت کی سہولیات اور سر چھپانے کے ٹھکانے فراہم کرنے کیلئے خرچ کرے گا۔

۔ لگ بھگ 17 امریکی امداد سے کام کرنے والے اشتراک کار جو دراصل شورش زدہ علاقوں میں جو اب سیلاب زدہ بھی ہو گئے ہیں 13 ملین ڈالر مالیت کے انسانی ہمدردی کے منصوبوں پر کام کر رہے تھے، بدستور متاثرہ علاقوں میں کام کرتے رہیں گے اور امداد میں پائے جانے والی کمی بیشی کی نشاندہی

بھی کر رہے ہیں۔

۔ پاکستانی وزارت داخلہ کے 50 ویں فضائی اسکواڈرن کے حوالے کئے گئے امریکی ہیلی کاپٹروں نے 1005 افراد کی جانیں بچائیں اور سیلاب سے متاثرہ لوگوں تک 37,473 پاؤنڈ وزنی امدادی اشیاء پہنچائیں۔

۔ افغانستان اور خطے میں دیگر جگہوں پر موجود امریکی ذخائر سے 436,000 حلال کھانے پاکستان کے سول اور فوجی حکام کے حوالے کئے گئے، جن کی قیمت 3.25 ملین ڈالر ہے۔

۔ پشاور اور کرم ایجنسی میں سیلاب سے تباہ ہونے والے شاہراہوں کے پلوں کی جگہ عارضی طور پر نصب کرنے کیلئے فولاد کے 12 تیار شدہ پل فراہم کئے گئے ہیں۔

۔ صوبہ خیبر پختونخوا میں سیلاب میں امدادی کارروائیوں میں مدد دینے کیلئے فرنٹیئر اسکاؤٹس کو 25 کلوواٹ کا ایک جنریٹر فراہم کیا گیا۔

نجی شعبے کی طرف سے ردعمل:

۔ امریکی عوام ایم گیو (mGive) کے ساتھ کام کرتے ہوئے ٹیکسٹ میسیجنگ کیلئے نمبر 50555 پر لفظ SWAT کے ذریعے پاکستان میں سیلاب کی امدادی کارروائیوں میں حصہ لے رہے ہیں۔ یہ پیغام بھیجنے کے نتیجہ میں اس امریکی شہری کا دس ڈالر کا عطیہ پاکستان میں اقوام متحدہ کے ہائی کمیشن برائے پناہ گزین تک پہنچ جائے گا۔ ہر دس ڈالر کی مدد کے ذریعہ بے گھر خاندانوں کو خیمے اور ہنگامی امداد فراہم کی جائے گی۔

۔حکومت پاکستان اور پاکستان سیلولر فون انڈسٹری نے پاکستانی عوام کو دعوت دی ہے کہ وہ وزیراعظم کے فنڈ برائے فلڈ ریلیف کیلئے فون نمبر 1234 پر بذریعہ ٹیکسٹ میسیج چندہ دیں۔ یہ سلسلہ 5 اگست سے شروع کر دیا گیا ہے۔

۔ پاکستان اور افغانستان میں کوکا کولا کارپوریشن نے 5 اگست کو پانچ لاکھ ڈالر کے عطیے کا اعلان کیا۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ

http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں